شہری بھی شامل ہیں گزشتہ سال راسخ العقیدہ مسلمانوں سے تعلق رکھنے کے جرم میں ۸۰۰۰ افراد کو گرفتار کیا گیا جن میں سے ۱۰۰۰ افراد ابھی تک کیمپوں میں نظر بند ہیں۔ الجزائر میں گزشتہ سال ہونے والے انتخابات کے پہلے دور میں اسلام پرستوں کی لینڈ سلائیڈ کامیابی کے بعد الیکشن کے دوسرے دور کو ملتوی کر دیا گیا تھا۔ اسلام پرستوں کی جماعت اسلامک سالویشن فرنٹ پر پابندی عائد کر دی گئی تھی، الجزائر میں گزشتہ سال ۹ فروری سے ہنگامی حالت نافذ ہے۔ اسلام پسندوں اور فوج کے درمیان کشمکش کے خاتمے کے کوئی آثار نہیں گزشتہ ہفتہ ایک کارروائی میں جو طبروت نامی شہر میں ہوئی، فوج نے ۱۴ اسلامسٹوں کو شہید اور ۳ کو زخمی کر دیا۔ حکومت کو اطلاع ملی تھی کہ طبروت کے ایک امام مسجد کے گھر اسلامسٹوں کا اجتماع ہو رہا ہے جس پر دستوں نے گھر کو گھیرے میں لے کر فائر کھول دیا۔ باقی اسلامسٹ بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے، خمیس الخشیہ کے مقام پر بھی فوج نے دو اسلامسٹوں کو شہید کر دیا۔ اس کشمکش کے دوران اب تک ۳۱۰ سے زائد سرکاری فوجی ہلاک ہو چکے ہیں جن میں سے ۱۲ تو اسی ماہ مارے گئے۔ حکومت کا یہ خواب پورا نہیں ہو رہا کہ وہ اسلامسٹوں کو کچل کر رکھ دے گی لیکن اسکی ظالمانہ کارروائیوں سے بتدریج افغانستان کے سے حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ (مولانا) اللہ بخش ایاز ملکانوی

•

مصر میں اسلام پسندوں کی گرفتاریاں

مصر میں اسلامسٹ عناصر اور سیکولر حکومت کی کشمکش کے دوران حکومت نے بڑے پیمانے پر ظالمانہ کارروائیاں کی ہیں لیکن وسیع گرفتاریوں، قتل عام اور عدالتوں سے موت کی سزائیں دلوانے کے باوجود وہ اسلامسٹوں کی سرگرمیاں ختم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکی اور نتیجہ یہ نکلا ہے کہ اس نے اخبارات اور دوسرے ذرائع ابلاغ میں اسلامسٹوں کی خبریں چھاپنے پر پابندی لگا دی ہے مصری حکومت کا خیال ہے کہ اس طرح بیرون ملک یہ تاثر ابھرے گا کہ مصر میں امن ہو گیا ہے اسلامسٹوں کی کارروائیوں کا ایک ہدف فحاشی اور عریانی کے اڈے ہیں اور ان میں سیاحتی مراکز بھی ہیں۔ سیاحتی مراکز میں غیر ملکیوں کو راغب کرنے کے لیے ہر قسم کی فحاشی و عریانی کی اجازت ہے اور یہ وہ شعبہ ہے جو مصر کو سب سے زیادہ غیر ملکی زرمبادلہ فراہم کرتا ہے ان مراکز پر حملوں کی خبریں روک دی ہیں کہ امن و امان کا تاثر قائم ہونے کی وجہ سے سیاحوں کی آمد پھر سے پہلے کی طرح ہو جائے گی لیکن قاہرہ میں مقیم غیر ملکی سفارت کاروں نے غیر ملکی اخبارات کو بتایا ہے کہ حملے بدستور جاری ہیں اور صرف اسی ماہ تین حملے ہوئے ہیں غیر ملکی سفارت کاروں کے اس اقدام سے مصر کی بلیک آؤٹ کی پالیسی ناکام ہو گئی ہے۔

مصر سے ملنے والی مزید اطلاعات کے مطابق مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں پولیس نے امبابا علاقے میں جمعیۃ الاسلامی کے نئے صدر کو گرفتار کر لیا ہے گزشتہ دسمبر میں صدر کی گرفتاری پر امیر قائد القاس کو تنظیم کا صدر